AKERSHUS UNIVERSITETSSYKEHUS

# آپریشن سے پہلے آپ کی چیک لسٹ

یہ چیک لسٹ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ آپ آپریشن کے لیے اچھی طرح تیار ہوں اور خود بھی اُن پیچیدگیوں سے بچاؤ میں مدد دے سکیں جو آپریشن کے دوران یا بعد میں پیش آ سکتی ہیں-اس فہرست کو استعمال کرتے وقت ہر نکتے پر نشان لگائیں- اگر دورانِ عمل کوئی سوال پیدا ہو تو اسے نوٹ کر لیں اور ہسپتال ساتھ لے جائیں یا متعلقہ شعبے سے رابطہ کریں: 67 96 52 00 (پیر تا جمعہ صبح 10–11:30 اور دوپہر 12–14) -
مزید معلومات ahus.no/kirurgisk-avdeling-gardermoen -

## آپریشن سے پہلے اہم تیاری

| | |
|---|---|
| **1. کیا آپ کوئی دوائیں استعمال کرتے ہیں؟** | |
| نہیں - نکتہ 4 پر جائیں | ☐ |
| جی - اپنی دواؤں کے نام، شکل، لینے کا وقت اور استعمال کی وجہ اچھی طرح جان لیں | ☐ |
| **2. کیا آپ خون پتلا کرنے والی دوائیں استعمال کرتے ہیں؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی- کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کو کب اور کیا ان دواؤں کو آپریشن سے پہلے بند کرنا ہے؟<br>اگر نہیں، تو آپریشن سے دو ہفتے پہلے شعبے سے رابطہ کریں- | ☐ |
| **3. کیا آپ کو روزانہ استعمال ہونے والی دواؤں کی مکمل معلومات ہیں؟** | |
| جی - دواؤں کی فہرست ہسپتال ساتھ لائیں | ☐ |
| نہیں - اپنے فیملی ڈاکٹر سے نئی فہرست حاصل کریں | ☐ |
| **4. کیا آپ کو ذیابیطس، بلند فشار خون، دل یا خون کی نالیوں کی بیماری، نہ بھرنے والے زخم یا کوئی دائمی بیماری ہے؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی- اگر ایک سال سے معائنہ نہیں ہوا تو فیملی ڈاکٹر سے وقت لیں | ☐ |
| **5. کیا آپ گزشتہ 12 مہینوں میں بیرونِ ملک گئے ہیں اور دانتوں یا طبی علاج کروایا، ہسپتال میں داخل رہے یا ہسپتال میں کام کیا؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی- داخلے سے پہلے بیکٹیریا ٹیسٹ کے لیے فیملی ڈاکٹر سے وقت لیں اور نتیجہ شعبے کو بتائیں | ☐ |
| **6. کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ تمباکو نوشی، الکحل اور دیگر نشہ آور اشیاء ترک کرنے سے پیچیدگیوں کا خطرہ کم ہوتا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں - فیملی ڈاکٹر سے معلومات حاصل کریں | ☐ |
| لاگو نہیں ہوتا | ☐ |
| **7. کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ جسمانی سرگرمی اور غذائیت سے بھرپور خوراک پیچیدگیوں کے خطرے کو کم کر سکتی ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں - فیملی ڈاکٹر سے معلومات حاصل کریں | ☐ |

## دانتوں کی دیکھ بھال اور غذائی حالت

| | | |
|---|---|---|
| **8. کیا آپ سالانہ دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں؟** | | |
| جی | | ☐ |
| نہیں ۔ اگر کافی عرصہ ہو گیا ہے تو آپریشن سے پہلے معائنہ کروائیں | | ☐ |
| **9*. ا) کیا آپ کا وزن حال ہی میں بغیر کوشش کے کم ہوا ہے؟** | | |
| نہیں | 0 | ☐ |
| معلوم نہیں | 2 | ☐ |
| جی۔ کیتنے کلوگرام: | | ☐ |
| 1-5 کلو گرام ☐ | 1 | |
| 6-10 کلو گرام ☐ | 2 | |
| 11-15 کلو گرام ☐ | 3 | |
| 15 کلو گرام سے زیادہ ☐ | 4 | |
| پتہ نہیں ☐ | 2 | |
| **ب) کیا بھوک کم ہونے کی وجہ سے آپ نے کم کھانا کھایا ہے؟** | | |
| نہیں | 0 | ☐ |
| جی | 1 | ☐ |
| **کل اسکور:** | ☐ | |
| **10. سوال 9 (ا) اور (ب) کے اسکور دیکھیں۔ کیا کل اسکور دو یا اس سے زیادہ ہے؟** | | |
| جی – وزن میں کمی کی ممکنہ وجہ یا آپریشن پر اس کے اثرات پر بات کرنے کے لیے اپنے فیملی ڈاکٹر سے وقت لیں۔ | | ☐ |
| نہیں | | ☐ |

**[1] سوال 9 جریدہ** *Nutrition*، **جلد 15 (6) سے لیا گیا ہے۔***Banks M ،Bauer J ،Capra S ، Ferguson M*۔ **بالغ اسپتال کے مریضوں میں غذائی قلت کی اسکریننگ کے لیے ایک معتبر اور قابلِ اعتماد آلے کی تیاری۔ صفحات 458–464، 1999۔ اجازت کے ساتھ استعمال کیا گیا۔**

## آپریشن سے دو ہفتے پہلے

| | |
|---|---|
| **11. کیا آپ نے اپائنٹمنٹ خط اور دی گئی معلومات پڑھی ہیں؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں — یہ ضروری ہے کہ آپ وہ معلومات غور سے پڑھیں جو ہم آپ کو بھیجتے ہیں، تاکہ آپریشن منصوبے کے مطابق ہو سکے۔ | ☐ |
| **12. کیا آپ کو معلوم ہے کہ کون سا آپریشن ہوگا اور کب ہوگا؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں — براہِ کرم متعلقہ شعبے سے فون پر رابطہ کر کے معلومات حاصل کریں۔ رابطہ معلومات کے لیے اپنے اپائنٹمنٹ خط کو دیکھیں۔ | ☐ |
| **13 . کیا آپ کو آپریشن سے چند دن پہلے خون کے نمونے دینے ہیں؟ کیا آپ کو معلوم ہے کہ کب اور کہاں؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں | ☐ |
| معلوم نہیں ۔ اپائنٹمنٹ خط چیک کریں یا شعبے سے رابطہ کریں | ☐ |
| **14. کیا آپ نے helsenorge.no پر صحت سے متعلق معلومات کا فارم پُر کیا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ شعبے سے رابطہ کریں | ☐ |
| **15. کیا آپ کسی اور بیماری کی تشخیص یا جانچ کے عمل میں ہیں؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی۔ اگر آپ نے اپنے سرجن کو پہلے سے اطلاع نہیں دی تو جلد از جلد شعبے سے رابطہ کریں | ☐ |
| **16. مشورہ – کسی کو ساتھ لے کر آئیں** جب آپ کو آپریشن کے بارے میں پیشگی معلومات دی جائے تو ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنے ساتھ قریبی خاندان کے کسی فرد یا دوست کو لے آئیں۔ وہ فون پر بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ | |
| **17. مشورہ – نکوٹین** سگریٹ، نسوار اور ای سگریٹ سے حاصل ہونے والی نکوٹین پیچیدگیوں کے خطرے کو بڑھاتی ہے، جیسے انفیکشن، زخم کا ٹھیک نہ ہونا اور خون جمنے کے مسائل۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ کم از کم 14 دن پہلے تمباکو نوشی اور نسوار کا استعمال بند کر دیں۔ | |

## آپریشن سے ایک ہفتہ پہلے

| | |
|---|---|
| **18. کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ اگر آپ داخلے سے ایک ہفتہ پہلے بیمار ہو جائیں تو کیا کرنا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ اگر آپ داخلے سے پہلے بیمار ہو جائیں تو جتنی جلد ممکن ہو ہمیں اطلاع دیں | ☐ |

## آپریشن سے پہلے صحت کے عملے کے ساتھ ڈسچارج کی منصوبہ بندی

| | |
|---|---|
| **19۔ کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ آپریشن کے دن ہی گھر جائیں گے یا آپ کو ہسپتال میں داخل کیا جائے گا؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ نرس سے معلومات حاصل کریں | ☐ |
| **20۔ کیا جب آپ ہسپتال سے گھر واپس آئیں گے تو پہلے 24 گھنٹوں کے دوران کوئی آپ کے ساتھ ہوگا؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ اگر گھر پر کوئی نہیں ہے تو ڈاکٹر یا نرس کو اطلاع دیں | ☐ |
| **21۔ کیا آپ کو گھر میں کسی چیز کی پہلے سے تیاری کرنی ہے (جیسے پٹیاں، ادویات، معاون آلات یا گھریلو مدد)؟** | |
| نہیں | ☐ |
| معلوم نہیں ۔ اپائنٹمنٹ خط دیکھیں | ☐ |
| جی۔ نرس سے مشورہ کریں اور ضروری چیزوں کو نوٹ کریں | ☐ |
| **22۔ کیا آپ کو بحالی یا فزیوتھراپی کی پیشکش کی گئی ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ اگر ضرورت ہو تو نرس سے معلومات حاصل کریں | ☐ |
| لاگو نہیں | ☐ |

## آپریشن سے ایک دن پہلے

| | |
|---|---|
| **23۔ مشورہ – قیمتی اشیاء گھر پر چھوڑ دیں**<br>ہسپتال میں ذخیرہ کرنے کی جگہ محدود ہوتی ہے اور قیمتی اشیاء کی ذمہ داری نہیں لی جاتی۔ | |
| **24۔ کیا آپ نے انگوٹھیاں، زیورات، پیئر سنگ، مصنوعی ناخن اور نیل پالش ہٹا دی ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ داخلے سے پہلے سب کچھ ہٹا دیں | ☐ |
| **25۔ کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپریشن سے ایک دن پہلے آنتوں کو صاف کرنا ہے یا نہیں؟** | |
| جی۔ طریقہ کار کے بارے میں نرس سے معلومات حاصل کریں | ☐ |
| نہیں ۔ اپائنٹمنٹ خط دیکھیں، اگر کچھ واضح نہ ہو تو رابطہ کریں | ☐ |
| **26۔ کیا آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کو آپریشن سے پہلے کب سے روزہ رکھنا ہے (کھانا، پینا، سگریٹ یا نسوار استعمال نہ کرنا)؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں ۔ اپائنٹمنٹ خط دیکھیں | ☐ |

| | |
|---|---|
| **27. کیا آپ کو صفائی اور نہانے کے معمولات کے بارے میں بتایا گیا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں - اپائنٹمنٹ خط دیکھیں | ☐ |
| **28. کیا آپ کو کھانے، ادویات یا طبی سامان (مثلاً لیٹیکس) سے الرجی ہے؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی- ہسپتال میں داخلے کے وقت ڈاکٹر یا نرس کو ضرور بتائیں | ☐ |
| **29. کیا آپ قدرتی ادویات یا غذائی سپلیمنٹس استعمال کرتے ہیں؟** | |
| نہیں | ☐ |
| جی- ڈاکٹر کو نام اور استعمال کی وجہ بتائیں | ☐ |
| **30. کیا آپ کو آپریشن کے بعد متوقع درد کے بارے میں بتایا گیا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں - ڈاکٹر یا نرس سے معلومات حاصل کریں کہ آپ کیا توقع کر سکتے ہیں | ☐ |

## ہسپتال میں تیاری

| | |
|---|---|
| **31. کیا اس جگہ یا حصے پر نشان لگایا گیا ہے جہاں آپ کا آپریشن ہونا ہے؟** | |
| جی | ☐ |
| نہیں - نرس کو بتائیں | ☐ |
| لاگو نہیں | ☐ |
| **32. ٹھنڈ سے بچیں**<br>یہ اہم ہے کہ آپ آپریشن سے پہلے سردی محسوس نہ کریں۔ اگر آپ کو ٹھنڈ لگ رہی ہو تو نرس کو بتائیں۔ | |
| **33. آپریشن تھیٹر میں محفوظ سرجری کی چیک لسٹ**<br>Ahus میں ہم محفوظ آپریشن کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ آپریشن سے پہلے آپ سے آپ کی شناخت، ہونے والے آپریشن اور اگر ضروری ہو تو جسم کے متعلقہ حصے کی تصدیق کرنے کو کہا جائے گا۔ اگر آپ سے یہ سوالات نہ کیے جائیں تو عملے سے "محفوظ سرجری" چیک لسٹ کے بارے میں پوچھیں۔<br>helsedirektoratet.no/faglige-rad/sjekkliste-for-trygg-kirurgi/sjekklisten | |

## آپ کے آپریشن کے لیے نیک تمنائیں

چیک لسٹ، *Helse Bergen* کی تیار کردہ چیک لسٹس کا ایک موافق بنایا گیا ورژن ہے، جو *Harris, K.* وغیرہ (2022) کے کام پر مبنی ہے:
*"Development and validation of patients' surgical safety checklist."*
*BMC Health Services Research 22(1): 259–259*- اجازت کے ساتھ نقل کیا گیا۔